شاداب خان ٹیم آف دا ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے کپتان قرار

- ٹیم کا انتخاب چار رکنی آزاد جیوری نے کیا، جس میں بازید خان، رمیز راجہ، عروج ممتاز اور ایونٹ ٹیکنکل کمیٹی کے رکن ندیم خان شامل تھے

کراچی، 18 نومبر 2020ء:

چار رکنی آزاد جیوری نے ٹیم آف دا ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کا اعلان کردیا ہے۔ جیوری نے ٹیم کی قیادت شاداب خان کے سپرد کی ہے۔

اس چار رکنی آزاد جیوری میں کمنٹیٹرز بازید خان، رمیز راجہ اور عروج ممتاز کے علاوہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کی ٹیکنکل کمیٹی کے رکن اور ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس پی سی بی ندیم خان شامل تھے۔

ایونٹ کے قواعد اور ضوابط کے تحت اعلان کردہ 12 رکنی ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020 کی ٹیم میں چار غیر ملکی اور ایک ایمرجنگ کرکٹر شامل ہیں۔ ایونٹ میں شریک پانچ مختلف ٹیموں کے کھلاڑی اس ٹیم میں جگہ بنا سکے ہیں۔ ان کھلاڑیوں میں لاہور قلندرز کے 6، کراچی کنگز کے 3 جبکہ اسلام آباد یونائیٹڈ، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور پشاور زلمی کے ایک ایک کھلاڑی شامل ہیں۔

12 رکنی ٹیم آف دا ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 (بیٹنگ آرڈر میں) مندرجہ ذیل ہے:

بابر اعظم (کراچی کنگز)، کرس لین (لاہور قلندرز)، ایلکس ہیلز (کراچی کنگز)، حیدر علی (پشاور زلمی)، محمد حفیظ (لاہور قلندرز)، شاداب خان، کپتان (اسلام آباد یونائیٹڈ)، بین ڈنک، وکٹ کیپر (لاہور قلندرز)، ڈیوڈ ویزے (لاہور قلندرز)، محمد عامر (کراچی کنگز)، شاہین شاہ آفریدی (لاہور قلندرز)، محمد حسنین (کوئٹہ گلیڈی ایٹرز)، فخر زمان، 12واں کھلاڑی (لاہور قلندرز)۔

اعلان کردہ ان 12 کھلاڑیوں میں سے بابر اعظم وہ واحد کھلاڑی ہیں جو گزشتہ سال بھی ٹیم آف دا ایچ بی ایل پی ایس ایل کا حصہ تھے۔ انہوں نے ایچ بی ایل پی ایس ایل 2019 میں 30.45 کی اوسط اور 115.51 کے اسٹرائیک ریٹ سے 335 رنز بنائے تھے۔

ٹیم آف دا ٹورنامنٹ کے انتخاب میں کرکٹ سے متعلق مختلف محرکات کو پیش نظر رکھا گیا، جن میں کھلاڑی کی انفرادی کارکردگی کے میچ پر اثرات، کھلاڑی کی فٹنس اور ٹیم کا بہترین کمبی نیشن نمایاں ہیں۔

رمیز راجہ:

255 انٹرنیشنل میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے رمیز راجہ کا کہنا ہے کہ لیگ میں شامل اتنے باصلاحیت کھلاڑیوں میں سے صرف 12 بہترین کھلاڑیوں کا انتخاب کرنا کوئی آسان مرحلہ نہیں تھا، میرا خیال ہے کہ ہم نے بالآخر ایسے اسکواڈ کا انتخاب کیا ہے جو کسی بھی فرنچائز کرکٹ ٹیم کے خلاف بہترین کارکردگی دینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

رمیز راجہ نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کی کامیابی کا کریڈٹ ان تمام شرکاء کو جاتا ہے جنہوں نے اپنی بہترین کارکردگی سے اس ایونٹ کا چار چاند لگائے۔ انہوں نے کہا کہ بلاشبہ اس فہرست کے علاوہ بھی ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020، نیشنل ٹی ٹونٹی کپ اور قائداعظم ٹرافی میں چند ایسے کھلاڑی شامل تھے جو جلد بین الاقوامی سطح پر قومی کرکٹ ٹیم کی نمائندگی کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

شاداب خان:

شاداب خان نے کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کی ٹیم آف دا ٹورنامنٹ کا کپتان مقرر ہونا ان کے لیے اعزاز کی بات ہے تاہم انہیں افسوس ہے کہ ان کی ٹیم پلے آف مرحلے میں رسائی حاصل نہیں کر سکی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس مرحلے میں رسائی کے لیے ہر ممکن کوشش کی تاہم ہم ایونٹ کے آئندہ ایڈیشن میں مزید بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کریں گے۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4